# April to September اپریل تا ستمبر

## Urdu Course - B اردو کورس ۔ بی

## Class : IX برائے نویں جماعت

**Total Marks : 80** **Time : 3 hrs**

.1 نیچے دیے گئے اقتباس کو پڑھیے اور سوالوں کے جواب اشاروں کے مطابق لکھیے : 4

عام خیال تھا کہ نزلے کے بیماروں کو کیلا نہیں کھانا چاہیے، رات کو کیلا کھانے سے روکا جاتا تھا۔ لیکن ماہرینِ غذا کا کہنا ہے کہ کیلا کسی وقت بھی اور کوئی بھی کھا سکتا ہے ہاں اگر مسلسل کیلا کھانے سے نزلہ برھتا ہے تو یہ انفرادی بات ہوگی، خون کے شکار لوگوں کے لئے بھی کیلا ایک نعمت ہے، کیوں کہ اس میں لوہے کی خاصی مقدار ہوتی ہے۔ پہلے عام خیال تھا کہ کیلے میں لوہے کی خاصی مقدار ہوتی ہے اس لیے یہ دیر ہضم ہے بہر حال کیلے کے بارے میں ایک عام بات یہ مشہور تھی کہ کیلا صبح کو سونا، شام کو چاندی، رات کو تانبہ ہے اس کا کسی وقت بھی کھانا نقصان دہ نہیں ہے، ہاں مختلف اوقات میں اس کے مختلف اثرات، ہیں، ماہرینِ غذا کا مشورہ ہے کہ کیلا کھانا کھانے سے تقریباً آدھا گھنٹہ پہلے کھانا چاہئے کہ اس سے دو مقصد حاصل ہوتے ہیں، ایک یہ کہ یہ تیزابیت کا مقابلہ کرتا ہے دوسرے یہ کہ یہ غیر ضروری یا جھوٹی بھوک کو مٹاتا ہے اور کھانے والا خود کو سیر محسوس کرتا ہے، ورنہ کھانے کے دوران ضرورت سے زیادہ کھانے پر وزن بڑھنے کے مرض کا شکار ہوسکتا ہے۔

(i) ماہرینِ غذا کا خیال ہے کہ کیلا کھایا جا سکتا ہے......

(a) صرف شام کے وقت

(b) صرف صبح کے وقت

(c) صرف دوپہر کے وقت

(d) کسی بھی وقت

(ii) خون کی کمی کے شکار لوگوں کے لئے کیلا ہے......

(a) ایک نعمت

(b) ایک زحمت

(c) بے کار پھل

(d) نقصان دہ پھل

(iii) کیلے کے بارے میں ایک عام بات یہ مشہور ہے کہ کیلا

(a) صبح کو چاندی، شام کو سونا، رات کو تانبہ ہے

(b) صبح کو تانبہ، شام کو سونا، رات کو چاندی ہے

(c) صبح کو سونا، شام کو چاندی، رات کو تانبہ ہے

(d) صبح کو ہیرا، شام کو سونا، رات کو چاندی ہے

(iv) ضرورت سے زیادہ کھانا کھانے سے

(a) وزن بڑھ سکتا ہے

(b) وزن گھٹ سکتا ہے

(c) وزن متوازن رہے گا

(d) وزن برابر رہ سکتا ہے

2. نیچے لکھے اشعار کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے اشاروں کے مطابق سوالوں کے جواب لکھئے: 4

اسی سوچ میں تھی کہ میرا پسر
مجھے اس جماعت میں آیا نظر

وہ پیچھے تھا او تیز چلتا نہ تھا،
دیا اُس کے ہاتھوں میں جلتا نہ تھا

کہا میں نے پہچان کر میری جاں
مجھے چھوڑ کر آگئے تم کہاں

جدائی میں رہتی ہوں میں بے قرارا،
پروتی ہوں ہر روز اشکوں کے ہار

(i) ماں کو اس کا بیٹا کہاں نظر آیا؟

(a) بازار میں

(b) سڑک پر

(c) گھر میں

(d) جماعت میں

(ii) بیٹا جماعت میں کہاں تھا؟

(a) پیچھے

(b) آگے

(c) دائیں

(d) بائیں

(iii) ماں بیٹے کے لئے کیوں بے قرار تھی؟

(a) بیٹے کے قریب ہونے کی وجہ سے

(b) بیٹے کی جُدائی سے

(c) بیٹے کی موت سے

(d) بیٹے کی بیماری سے

(iv) پھولوں کا ہار پرونے سے مراد ہے......

(a) پھولوں کا ہار بنانا

(b) ہار کا کھو جانا

(c) مسلسل آنسو بہانا

(d) ہار حاصل کرنے کی کوشش کرنا

3. کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیے : 8

(i) علم کی اہمیت

(ii) دلچسپ سفر کا حال

(iii) یومِ آزادی

(iv) کسی میچ کا آنکھوں کا دیکھا حال

4. دوست کو اوّل درجہ سے پاس ہونے پر مبارک باد کا خط لکھیے ۔ 8

**یا**

اپنا سیکشن تبدیل کرانے کے لیے پرنسپل کو درخواست لکھیے ۔

5. نیچے دیے گئے محاوروں میں سے صرف چار کو جملوں میں استعمال کیجیے: 6

(i) آنکھ سے اوجھل ہونا (ii) آپے سے باہر ہونا

(iii) ٹس سے مس نہ ہونا (iv) بھیگی بلّی بننا

(v) سدھ نہ رہنا (vi) نظر بچانا

6. صرف چار الفاظ کے متضاد لکھیے: 6

دھوپ تکلیف جواب بلند غافل صبح

7. سمجھ دار اور نوک دار یہ دونوں لفظ سمجھ اور نوک میں دار لگا کر بنائے گئے ہیں، آپ بھی اسی طرح دیے گئے الفاظ میں دار لگا کر نئے الفاظ لکھیے۔ 6

وفا قرض حیا مزے مال پھل

8. اشارے کے مطابق صحیح جواب چھانٹ کر لکھیے۔ چار اشاروں میں صحیح جواب ایک ہے۔ 6

(i) شخص کی جمع ہے

(a) شخصی

(b) شخصوں

(c) اشخاص

(d) شخصے

(ii) خط کی جمع ہے

(a) خطاں

(b) خطوط

(c) خطیس

(d) خطے

(iii) عزیز کی جمع ہے

(a) عزیزاں

(b) عزیزات

(c) عزیزوں

(d) عزیزی

(iv) طرف کی جمع ہے

(a) اطراف

(b) طرفوں

(c) طرفات

(d) طرفیں

9. ذیل کے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے: 6

ہمارے ملک میں کئی قسم کے جنگل ہیں، ہمالیہ اور دوسرے پہاڑی جنگلوں میں طرح طرح کے پیڑ پودے پائے جاتے ہیں، مثلاً چیڑ، دیودار، سال، ساگواں وغیرہ ان جنگلوں میں شیر، تیندوا، بھالو، طرح طرح کے ہرن، بندر اور سانپ بھی ہوتے ہیں۔ میدانی جنگل ہمالیہ پہاڑ کے دامن سے شروع ہوکر وادیوں میں دور دور پھیلے ہوئے ہیں، ان جنگلوں میں گھنے، اونچے اور چوڑے پتوں والے درخت جیسے ڈھاک وغیرہ ہوتے ہیں، یہاں پہاڑی علاقوں کی طرح پانی کی افراط ہوتی ہے۔ جانور بھی اوپری حصوں سے آتے جاتے رہتے ہیں۔

ریگستان میں پانی کی کمی ہوتی ہے، اس میں صرف وہی پیڑ پودے اور جانور پائے جاتے ہیں جنہیں پانی کی بہت کم ضرورت ہوتی ہے زیادہ تر کانٹے دار بے پتّی کے پیڑ پودے ہوتے ہیں جیسے ناگ پھنی، ببول وغیرہ اور اونٹ، بَبر شیر، لنگور، سانپ اور گرگٹ جیسے جانور ملتے ہیں۔

(i) ہمارے ملک میں جنگل پائے جاتے ہیں......

(a) پانچ قسم کے

(b) دو قسم کے

(c) کئی قسم کے

(d) دس قسم کے

(ii) ہمالیہ اور دوسرے پہاڑی جنگلوں میں پیڑ ملتے ہیں......

(a) نیم اور آم کے

(b) جامن اور شہتوت کے

(c) پیپل اور برگد

(d) چیڑ، ساگوان، دیودار، سال

(iii) میدانی جنگل پھیلے ہوئے ہیں

(a) ہمالیہ کے دامن تک

(b) ہمالیہ کے دامن سے وادیوں میں دور دور تک

(c) صرف وادیوں تک

(d) ہمالیہ کی چوٹیوں تک

10. 100 سے 150 الفاظ کے رمیان کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 6

(i) احسان کا بدلہ احسان

(ii) نادان دوست

11. صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 4

(i) اوس کے قطرے پھولوں کی پتیوں پر کیسے لگتے ہیں؟

(ii) جانوروں کو عام بیماریوں سے بچانے کے لیے کیا کیا جاتا ہے؟

(iii) تاجر کا چہرہ شرم سے کیوں سُرخ ہو گیا؟

12. ذیل کے اشعار کو غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے: 6

ہندو مسلماں ہیں بھائی بھائی
تفریق کیسی کیسی لڑائی
ہندو ہو کوئی یا ہو مسلماں
عزت کے قابل ہے بس وہ انسان
نیکی ہو جس کا کار نمایاں
اوروں کی مشکل ہو جس سے آساں
ہر اک سے نیکی سب سے بھلائی
ہندو مسلماں ہیں سب بھائی بھائی
دونوں کا مسکن ہندوستان ہے
دو بلبلیں ہیں اک گلستاں ہے

(i) عزت کے قابل کون ہے؟

(a) مال دار آدمی

(b) طاقت اور انسان

(c) کمزور انسان

(d) نیک انسان

(ii) ہندو مسلمان کا آپس میں رشتہ ہے

(a) دشمنی کا

(b) تجارت کا

(c) بھائی بھائی کا

(d) کوئی رشتہ نہیں

(iii) ہندو مسلماں کا ملک کون سا ہے؟

(a) چین

(b) امریکہ

(c) جاپان

(d) ہندوستان

(iv) دو بلبلیں کسے کہا گیا ہے؟

(a) ہندو مسلمان کو

(b) انگریزوں کو

(c) سکھّوں کو

(d) کسی کو نہیں

13. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے: 6

(i) بہادر بنو (ii) ایک دیہاتی لڑکی کا گیت

14. صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: 4

(i) کسی سے گفتگو کرنے کے کیا آداب ہیں؟

(ii) شاعر کے مطابق کامرانی کا کیا راز ہے؟

(iii) شاعر نے نا اتفاقی کو آزارِ جاں کیوں کہا ہے؟

(iv) لڑکی غمگین لے میں کیوں گا رہی تھی؟

• • •

# October to March اکتوبر تا مارچ

## Urdu Course - B اردو کورس۔ بی

## Class : IX برائے نویں جماعت

**Total Marks : 80** **Time : 3 hrs**

.1 ذیل میں دی گئی غیر درسی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے اشاروں کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیے۔
چار-چار جواب میں سے صرف ایک صحیح ہے۔ 4

ترکاری اور میوہ یا پھل حیاتین اور معدنیات سے بھرپور ہوتے ہیں، حیاتین اور معدنیات جسم میں اہم کام انجام دیتے ہیں، اور بیماریوں کے خلاف مدافعت میں اضافہ کرتے ہیں اس لیے بعض ماہرین ترکاریوں اور میووٴں کو مدافعتی یا حفاظتی غذا قرار دیتے ہیں۔ ترکاریوں اور پھلوں میں عموماً چکنائی یا چربی نہیں ہوتی چند پھلوں جیسے کوکو، ناریل اور ناشپاتی میں چکنائی پائی جاتی ہے ترکاری اور پھل چوں کہ نباتی غذا ہیں اس لیے ان میں کولیسٹرال بالکل نہیں پایا جاتا، ترکاریوں اور پھلوں میں دوسری اشیاء کی نسبت زیادہ پانی ہوتا ہے اور غذا سے پانی حاصل کرنے کا اچھا ذریعہ بنتے ہیں، ترکاریوں اور پھلوں میں سوڈیم نمک کی تعداد کم ہوتی ہے۔

(i) ترکاری اور میوہ یا پھل بھرپور ہوتے ہیں......

(a) کولیسٹرال سے

(b) حیاتین اور معدنیات سے

(c) چکنائی یا چربی سے

(d) کاربوہائڈریٹ سے

(ii) بعض ماہرین ترکاریوں اور میوں کو قرار دیتے ہیں ......

(a) مدافعتی یا حفاظتی غذا

(b) چکنائی سے بھرپور غذا

(c) کولیسٹرال سے بھرپور غذا

(d) سوڈیم (نمک) سے بھرپور غذا

(iii) ترکاریوں اور پھلوں میں دوسری اشیاء کی نسبت زیادہ ہوتا ہے......

(a) نمک

(b) پانی

(c) چکنائی

(d) کاربوہائڈریٹ

(iv) ان پھلوں میں چکنائی زیادہ ہوتی ہے......

(a) کوکو، ناریل میں

(b) ناشپاتی میں

(c) کیلے میں

(d) سیب میں

2. درج ذیل بند کو پڑھیے اور نیچے دیے گئے اشاروں کے مطابق سوالوں کے جواب لکھیے : 4

غالب اور ٹیگور یہیں کے میرا کالی داس
یہیں ہوا تھا سچائی کا گوتم کو احساس
یہیں لیا تھا ساتھ رام کے سیتا نے بن باس
یہ ہے میرا ہندوستاں

(i) گوتم کو کس چیز کا احساس ہوا تھا؟

(a) پاکی کا

(b) سچائی کا

(c) جھوٹ کا

(d) کم علمی کا

(ii) بن باس کس نے لیا تھا؟

(a) بھرت اور لکشمن نے

(b) سیتا اور کوشلیا نے

(c) رام اور سیتا نے

(d) رام اور دشرتھ نے

(iii) غالب کس زبان کے شاعر تھے؟

(a) بنگالی کے

(b) اردو کے

(c) ہندی کے

(d) پنجابی کے

(iv) غالبؔ، ٹیگور، میرا، کالی داس اور گوتم کہاں کے رہنے والے تھے؟

(a) افغانستان کے

(b) ایران کے

(c) سری لنکا کے

(d) ہندوستان کے

.3 درجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 150 سے 200 الفاظ کے درمیان مضمون لکھیے۔ 8

(i) وقت کی اہمیت

(ii) پیڑ پودے ہمارے دوست

(iii) یومِ جمہوریہ

.4 پرنسپل صاحب کے نام پکنک پر جانے کے لئے اجازت نامہ لکھیے۔ 8

**یا**

اپنے دوست کو دہلی کی سیر کرنے کی دعوت دیجیے۔

.5 صرف چار محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے: 6

(i) آسمان سے باتیں کرنا

(ii) اپنے منہ میاں مٹھو بننا

(iii) آنکھ لگنا

(iv) جان میں جان آنا

(v) تاب نہ لانا

(vi) عقل پر پردہ ڈالنا

.6 کسی ایک کہاوت کی کہانی لکھئے (قصّہ) 6

(i) اونٹ کس کل بیٹھتا ہے

(ii) اونٹ کے گلے میں بلّی

(iii) آپ کی جوتیوں کا صدقہ

7. نیچے لکھے لفظوں کے واحد لکھئے (صرف چھ الفاظ): 6

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| معلومات | افراد | مقاصد | نقصانات | خطوط |
| خدمات | مواقع | مشکلات | اوقات | |

8. نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے متضاد لکھئے (صرف چھ): 6

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| جاہل | لائق | سست | بھلائی | خسارہ |
| دُکھ | خوشی | | | |

9. ذیل کے اقتباس کو غور سے پڑھیے اور سوالات کے جوابات لکھیے: 6

گاؤں کے جھگڑے طے کرنے کے لیے ایک کمیٹی بنائی جاتی ہے جسے پنچایتی عدالت کہتے ہیں۔ اس کا چناؤ ہر پانچویں سال ہوتا ہے، اس کے صدر کو سرپنچ اور نائب صدر کو نائب سرپنچ کہتے ہیں۔ پنچایتی عدالت میں پانچ پنچوں کی چھوٹی چھوٹی کمیٹیاں ہوتی ہیں، جو پنچ منڈل کہلاتی ہیں یہ پنچ منڈل سال بھر کام کرتے ہیں اور پھر ان کے ممبروں کو تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ جب کوئی مقدمہ پنچایتی عدالت کے سامنے آتا ہے تو سرپنچ اُس کو ایک پنچ منڈل کے سُپرد کر دیتا ہے، اس طرح اب گاؤں کے لوگوں کو چھوٹی چھوٹی باتوں کے لئے تھانے اور کچہری نہیں دوڑنا پڑتا، سینچائی مینڈ، لین دین اور مار پیٹ کے جھگڑے گاؤں میں ہی طے ہو جاتے ہیں، گاؤں کے اس انتظام کے دو فائدے ہیں ایک تو اس میں کسی طرف سے وکیل کی ضرورت نہیں ہوتی اور دوسرے پنچ گاؤں ہی کے ہوتے ہیں اس لیے وہ معاملے کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں اور انصاف کر سکتے ہیں۔

(i) گاؤں کے جھگڑے طے کرتی ہے......

(a) ضلع عدالت

(b) پنچایتی عدالت

(c) ہائی کورٹ

(d) سپریم کورٹ

(ii) پنچایتی عدالت کا چناؤ ہوتا ہے......

(a) ہر دو سال میں

(b) ہر تین سال میں

(c) ہر چار سال میں

(d) ہر پانچ سال میں

(iii) پنچ منڈل میں پنچوں کی تعداد ہوتی ہے......

(a) چار

(b) پانچ

(c) آٹھ

(d) چھ

(iv) پنچایتی عدالت کے صدر کو کہتے ہیں ......

(a) پردھان

(b) نائب پردھان

(c) سرپنچ

(d) نائب سرپنچ

.10 کسی ایک سبق کا خلاصہ 100 سے 150 الفاظ کے درمیان لکھئے: 6

(i) بانسری والا

(ii) سندھ باد جہازی کا ایک سفر

(iii) تنکا تھوڑی سی ہوا سے اُڑ جاتا ہے

.11 صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: 4

(i) مقولہ مرغے کی ایک ٹانگ کا کیا مطلب ہے؟

(ii) ساری دُنیا ایک گاؤں میں کیسے تبدیل ہوگئی؟

(iii) ملاّ نصرالدین کا نام آج بھی کیوں زندہ ہے؟

(iv) دُنیا میں وقت کی تلافی کیوں ممکن نہیں ہے؟

.12 نظم کو غور سے پڑھیے اور سوالات کے جواب لکھیے: 6

آیا ہے بہار کا زمانہ کلیوں کے نکھار کا زمانہ
کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں ساری روشیں مہک رہی ہیں
ہلکی ہلکی یہ اُن کی خوشبو پھیلی ہوئی ہے چمن میں ہر سو
چڑیاں گاتی ہیں گیت پیارے سُنتے ہیں، چمن میں پھول سارے
شاخوں کا بنا لیا ہے جھولا پھولوں سے لدا ہوا ہے جھولا
کونپل ہر ایک کیسی پیاری بنسری میں جھلک رہی ہے سُرخی

(i) شاعر نے موسم کا ذکر کیا ہے......

(a) گرمی کے موسم کا

(b) سردی کے موسم کا

(c) بہار کے موسم کا

(d) خزاں کے موسم کا

(ii) کلیاں چٹکنے سے مراد ہے......

(a) کلیوں کا مُرجھانا

(b) پھول بننا

(c) کلیوں کا توڑنا

(d) ان میں سے کوئی نہیں

(iii) چڑیوں کے گیت گانے کا مطلب ہے

(a) چڑیوں کا چہچہانہ

(b) چڑیوں کا اُڑنا

(c) چڑیوں کا گھونسلا بنانا

(d) چڑیوں کا قید ہونا

(iv) چمن میں ہر سو خوشبو پھیلی ہوئی ہے۔۔۔۔

(a) پیڑ پودوں کی

(b) گھاس کی

(c) پھولوں کی

(d) پھلوں کی

13. کسی ایک نظم کا خلاصہ 50 سے 100 الفاظ کے درمیان میں لکھیے: 6

(i) ایک پودا اور گھاس

(ii) چھُٹّی کا دن

14. صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے: 4

(i) کھیل ہمارے لیے کیوں ضروری ہے؟

(ii) شاعر نے کن چیزوں سے غافل نہ رہنے کو کہا ہے؟

(iii) لالچ کرنے سے مکھّی کو کیا سزا ملی؟

(iv) نظم میں گھاس نے پودے سے کیا کہا؟

• • •